[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

*A*

*BILL*

to provide for reforms of the regulatory regime applicable to business, trade and investment by removing cumbersome and complex regulatory requirements and to establish the Pakistan Regulatory Registry and the Pakistan Business Portal

WHEREAS, it is expedient to provide for a legal framework for a modern, simple and transparent regulatory regime and eliminate cumbersome procedures and requirements;

AND WHEREAS, it is expedient to comply with international obligations in respect of regulatory reforms;

AND WHEREAS, it is expedient to establish the Pakistan Regulatory Registry and the Pakistan Business Portal and to provide for matters connected therewith and incidental thereto;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title, extent and commencement.** — (1) This Act shall be called the Asaan Karobar Act, 2025.

   (2) It shall extend to the whole of Pakistan.

   (3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.** — In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context, –

   (a) **"BOI"** means the Board of Investment established under the Board of Investment Ordinance, 2001 (XV of 2001);

   (b) **"burden"** means any or all of the following: -

(i) financial costs, including compliance, time, and administrative costs; or

(ii) requirements, processes and procedures determined through the final decision of the Cabinet under section 13, as causing administrative inconvenience, uncertainty, delays and adversely affecting consumer choice, efficiency, productivity and profitability.

(c) **"business"** includes any lawful enterprise, trade, profession or occupation whether or not incorporated or registered;

(d) "**Cabinet Committee**" means the Cabinet Committee on Regulatory Reforms (**CCoRR**) constituted by the Prime Minister through Notification No. F.5/24/2024-Com. dated the 18th September, 2024 or any other cabinet committee designated by the Prime Minister to perform functions under this Act;

(e) **"electronic document"** includes documents, records, information, communication, payments, or transactions in electronic form;

(f) **"Government Agency"** means -

(i) a ministry, division, department, or sub-ordinate office of the Federal Government;

(ii) an authority, agency, undertaking, business, or other entity or body established by or under a Federal statute or controlled directly or indirectly by the Federal Government; and

(iii) an authority, agency, undertaking, business or other entity or body that is subject to Federal law or operates in Federal territory;

that is or may be charged with the function of administering or enforcing any laws, or issuing, administering or enforcing any RLCO.

(g) **"Portal"** means the Pakistan Business Portal established under section 16;

(h) **"prescribed"** means prescribed by rules or regulations, as the case may be, made under this Act;

(i) **"Registry"** means the Pakistan Regulatory Registry established under section 7;

(j) **"Regulatory Impact Assessment (RIA) Tool and Guidelines"** or **"RIA"** means the evidence-based approach approved by the BOI to critically assess policy options and the consequences of Government Agency's actions to support policy decisions;

(k) **"Regulatory Management System"** or **"RMS"** means the set of policies, procedures, processes, IT systems, and tools employed to pursue and maintain good quality regulatory and other policy functions of Government Agencies;

(l) **"RLCO"** means any rules, licenses, circulars, orders, regulations, SROs, by-laws, notifications, certificates, office memoranda, permits, instructions, forms, authorizations, directives, resolution or other instruments made, issued or enforced by a Government Agency with regulatory effect and functions, and includes such other instruments as may be notified by the Federal Government;

(m) **"Schedule"** means Schedule to this Act;

(n) **"Secretary"** means the Secretary of the Board of Investment;

(o) **"System"** means an electronic system for creating, generating, sending, receiving, storing, reproducing, displaying, recording or processing information; and

(p) **"Unit"** means the Asaan Karobar Technical Unit established under section 5.

3. **Application and overriding effect.** — Notwithstanding anything contained in any other law, the provisions of this Act shall apply in relation to the matters contained herein, including, but not limited to, the powers and functions of the BOI, Government Agencies, and the Cabinet Committee.

4. **Certain provisions not to apply.** — The provisions of this Act relating to regulatory reform shall not apply to -

(a) offices, bodies, or institutions, created or existing by or under the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan 1973;

(b) the Supreme Court of Pakistan, the High Courts, the Federal Shariat Court and all other courts created by the Constitution or the law;

(c) criminal law, criminal procedure, the police and other law enforcement agencies, not including procedural and regulatory matters relating thereto;

(d) imposition and collection of taxes not including procedural and regulatory matters relating thereto;

(e) foreign relations and foreign policy, not including procedural matters or matters relating to the regulation of trade;

(f) national security, strategic installations and matters pertaining to the armed forces, and the defence of Pakistan; and

(g) any other entity or subject included in the Schedule.

5. **Asaan Karobar Technical Unit.** — (1) Not later than thirty days from the coming into force of this Act, the Secretary shall establish the Asaan Karobar Technical Unit.

(2) The Secretary shall appoint, on such terms and conditions in the manner as may be prescribed, the Head of the Unit who shall be an officer of the Federal Government in BPS 20 or above, or a person from the private sector.

(3) For the performance of the functions of the Unit, the Head may, with the approval of the Secretary, appoint such persons, including technical experts, as may be required, from amongst the officers of the Federal Government or the private sector, on such terms and conditions in the manner as may be prescribed.

6. **Functions and powers of the Asaan Karobar Technical Unit.** — (1) Subject to sub-section (2), the Unit shall -

(a) oversee and monitor the process of regulatory reform under this Act;

(b) establish and maintain an online Registry to catalogue, describe, and map relevant laws and RLCOs;

(c) review proposals for legislation relating to regulation of matters affecting business, trade and investment and to propose changes thereto prior to their being placed before the Cabinet;

(d) review proposals for issuance of or amendments to RLCOs and propose changes thereto;

(e) co-ordinate with Government Agencies and Provincial Governments for uniformity and harmonization of laws and policies having impact on matters affecting business, trade and investment throughout Pakistan;

(f) require Government Agencies, to enter on the Registry, all laws and RLCOs pertaining to them that are in force, with such description as may be consistent with guidelines issued by it in this regard, and within such period as it may stipulate;

(g) require Government Agencies to review existing laws and RLCOs and to propose retention, amendment or repeal thereof in order that they may be consistent with the parameters stated in section 8;

(h) review proposals received from Government Agencies and the general public, as the case may be, for retention, amendment or repeal of laws and RLCOs;

(i) prescribe codes, principles, guidelines and standards for strengthening regulatory governance to be adhered to by Government Agencies during the process of regulatory reform under this Act;

(j) prescribe the manner in which new laws and RLCOs may be entered on the Registry;

(k) conduct or commission studies, *inter alia*, for identification of investment constraints for small and medium enterprises and women entrepreneurs and to take such steps as are necessary to eliminate such identified constraints through the process of regulatory reform under this Act;

(l) issue clarifications, notifications, instructions, guidelines, SOPs and other instruments for carrying out the objects of this Act;

(m) undertake awareness campaigns, market regulatory reforms initiatives, and collaborate with stakeholders, Government Agencies, civil society, academia experts, donor agencies, development partners, at both national and international level for identification and implementation of regulatory reform process;

(n) conduct training and capacity building exercises for Government Agencies for the purposes of their functions under this Act; and

(o) perform any other functions assigned to it by the Cabinet Committee or the Federal Government and to take such steps as are necessary or ancillary to the performance of functions under this Act.

(2) The functions and powers of the Unit shall be performed and exercised by the Head of the Unit who may, subject to such conditions and limitations as he may determine, delegate the same to persons appointed under sub-section (3) of section 5 and may also constitute committees from amongst such persons for the said purpose.

7. **Establishment of Pakistan Regulatory Registry.** — (1) The Unit shall establish and maintain an electronic registry to be known as the Pakistan Regulatory Registry for cataloguing and mapping of laws and RLCOs.

(2) The Unit may procure requisite software, hardware, systems, codes, data, infrastructure or other material to effectively manage and operate the Registry and for its future expansion and such software, hardware, systems, codes, data, infrastructure or other material shall, at all times, be accessible to and remain the property of the Unit.

8. **Parameters for review of laws and RLCOs.** — (1) The review of laws and RLCOs shall be carried out in order to determine: -

(a) whether the laws and RLCOs are necessary and consistent with the objects of this Act as well as regulators' codes, internationally recognized regulatory quality principles, RIA, RMS, smart regulations, risk-based regulations, Pakistan regulators principles and code of practice and guidelines issued by the Unit;

(b) the expected burdens on businesses for compliance with the laws and RLCOs;

(c) whether a law or RLCO is to be retained with or without amendment or repealed.

(2) The Unit may issue a checklist or other instructions to be followed for the purpose of the review of laws and RLCOs in terms of sub-section (1).

9. **Entering laws and RLCOs on the Registry.** — (1) The Unit shall direct Government Agencies to make available on the Registry, all laws and RLCOs applicable to or being administered by them as well as any other information specified by the Unit within such time as it may determine.

(2) Every Government Agency shall nominate a representative to co-ordinate with the Unit for the purpose of ensuring compliance with sub-section (1) and with other provisions of this Act.

(3) The head of each Government Agency, by whatever name called, shall transmit to the Unit a certificate on the schedule set by the Unit to the effect that sub-section (1) stands complied with.

(4) Upon the transmission of the certificate referred to in sub-section (3), the RLCOs entered on the Registry by a Government Agency shall be deemed to be the only RLCOs in force and all other RLCOs pertaining to such Government Agency shall cease to be effective.

10. **Public comments.** — The laws and RLCOs entered on the Registry shall be made accessible to the public for a period of not less than thirty days, inviting comments in the manner specified on the Registry, and public awareness in this regard shall be ensured by publicity through electronic, digital and print media.

11. **Review by Government Agencies.** — On expiry of the period referred to in section 10, and within such time as the Unit may determine, each Government Agency shall review the laws and RLCOs relating to it in terms of the parameters stated in section 8 and submit to the Unit, proposals regarding retention, with or without amendment, or repeal of such laws and RLCOs.

12. **Review by the Asaan Karobar Technical Unit.** — (1) The Unit shall review the laws, RLCOs, and proposals entered or submitted under sections 9, 10 and 11 and make a determination as to retention of a law or RLCO without change, amendment or repeal.

(2) The laws and RLCOs approved by the Unit to be retained shall continue to be in force.

(3) The laws and RLCOs approved by the Unit for amendment or repeal shall be transmitted by the Head of the Unit to the Secretary for submission to the Cabinet Committee.

13. **Decision by Cabinet. — (1)** The proposals relating to laws and RLCOs shall be considered by the Cabinet Committee.

(2) A Minister-in-charge in respect of whose ministry or division reform has been proposed by the Unit and who holds a position opposed to such reform or any part thereof shall be invited to justify his position before the Cabinet Committee.

(3) The Cabinet Committee shall consider the proposed reform and the opposition by a Minister-in-charge, if any, and proceed to take a decision in such terms as it may deem fit and transmit the same to the Cabinet for ratification.

14. **Repeal and amendment of laws and RLCOs.** — (1) The proposals for amendment to or repeal of laws ratified by the Cabinet under sub-section (3) of section 13 shall be transmitted to the *Majlis-e-Shoora* (Parliament) for legislation.

(2) Notwithstanding anything contained in any other law, amendments to or repeal of RLCOs as ratified by the Cabinet under sub-section (3) of section 13 shall be notified in the official Gazette and shall come into force upon such notification.

15. **Phases of Regulatory Reform.** — (1) The process of regulatory reform under sections 9, 10, 11, 12, 13 and 14 may be carried out in phases, and proposals for amendment or repeal made by the Unit under sub-section (3) of section 12 may be submitted to the Cabinet Committee separately or in the form of a single summary.

(2) The Unit shall ensure that all laws and RLCOs in force appear on the Registry and that the Registry is kept updated and accessible to the

general public until such time that its control is transferred under sub-section (3).

(3) The control and management of the Registry shall be transferred to such ministry or division of the Federal Government as and when the Unit may specify, whereafter such ministry or division shall ensure that, within such time as may be specified by the Federal Government, the Registry becomes a complete and updated code of all laws and RLCOs in force in Pakistan.

(4) The Federal Government may determine the date, after which, a Government Agency shall submit to the Unit in continuum, proposals for amendment to or promulgation of a new law or RLCO for its review in terms of the parameters stated in section 8 before being submitted to the Cabinet or to the authority competent to issue, amend or rescind the same.

**16. Pakistan Business Portal.** — (1) Not later than two years from the coming into force of this Act, the Federal Government shall, by notification in the Official Gazette, establish an online portal to be known as the Pakistan Business Portal to be operated and maintained by the BOI.

(2) The Portal shall provide a one window facility for access to information regarding regulatory requirements and shall also facilitate compliance with the said requirements and matters ancillary thereto.

(3) Without prejudice to the generality of the preceding sub-section, the Portal shall: -

(a) provide necessary facilities to enable submission and processing of applications or documents for registrations, licenses, certificates, permits, approvals and permissions;

(b) provide mechanisms for online payment of fees, duties, levies, taxes and other charges and issuance of receipts therefor;

(c) issue online registrations, licenses, certificates, permits, approvals and permissions; and

(d) provide any other service ancillary to the above or that may be prescribed.

(4) The Portal shall be the country's only one window facility and all other such facilities, however established, shall be integrated with the Portal within a period to be notified by the Federal Government:

Provided that a one window created by a Province may be integrated with the Portal subject to the concurrence of the concerned Provincial Government.

(5) Any electronic exchange of information, declaration, document or record, transaction, accounts, offer or acceptance of an offer, notice, order, payment, authentication, authorization or information required, delivered or provided, by any person, or by an authorized officer of a Government Agency, organization or department shall be deemed to have been required, delivered or provided, in accordance with law when communicated electronically through the Portal or its allied systems and shall be admissible as evidence in any court, tribunal, judicial or quasi-judicial body or commission of inquiry.

(6) The Federal Government may prescribe the mode and manner in which a Government Agency may require documents, records or transmissions from the Portal for any purpose including audit, and be allowed access to its premises, computer system or any other systems where data may be stored, recorded or retained.

(7) Any law requiring documents to be created, retained, notarized, duplicated, submitted, delivered, authenticated, authorized, transmitted, received, stored, processed, approved or evidenced shall be deemed to have been complied with if such documents are available and retrievable in electronic form from the Portal.

(8) The provisions of the Electronic Transactions Ordinance, 2002 (LI of 2002) and the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 (XL of 2016), to the extent not inconsistent with the provisions of this Act, shall, *mutatis mutandis*, apply to electronic submission of documents, data retention or storage, copyrights, legal recognition and presumption, certification, notarization, registration, offences and other matters, in as much as they relate to the object of, and operations under this Act.

(9) An authorization or approval required to be given or issued under any law in respect to any matter to which this Act relates, when issued electronically through the Portal, shall be deemed to have been lawfully issued.

(10) All Government Agencies shall work in aid of the BOI for the purposes of establishing the Portal and its functioning.

(11) The BOI shall prescribe fees and charges for services provided through the Portal.

17. **Source of funds.** — (1) The Federal Government shall provide financial resources and funds for carrying out the purposes of this Act including the establishment, functioning, and expansion of the Unit, Registry and the Portal.

(2) The BOI and the Unit may also apply for and arrange funds for carrying out the purposes of this Act through the following sources:

(a) grants and borrowing of money;

(b) sums or property which may become payable to or vest in them in respect of any matter incidental to the exercise of their powers and the performance of their functions;

(c) income generated from levy of fees and service charges under this Act;

(d) income generated from investments, sale of products and services; and

(e) any other source, approved by the Federal Government.

18. **Budget and accounts.** — (1) In respect of each financial year, by such date as may be specified by the Finance Division, the BOI and the Unit shall submit, through the said Division, for approval of the Federal Government, a statement showing their estimated receipts and expenditure, respectively, and the sums that are likely to be required from the Federal Government during the next financial year, and the accounts of the BOI and the Unit shall be kept in such form and in accordance with such principles and methods as may be determined by the Auditor-General of Pakistan.

(2) Subject to the Public Finance Management Act, 2019, the BOI and the Unit may open accounts with the State Bank of Pakistan or with any scheduled bank in Pakistan for carrying out the purposes of this Act.

(3) Audit of all accounts under this Act shall be conducted at the close of each financial year by the Auditor- General of Pakistan.

19. **Assistance.** — All Government Agencies shall provide aid and assistance to the BOI and the Unit for achieving the objects of this Act.

20. **Prohibition of publication or disclosure of information to unauthorized persons.** — (1) No person shall, without the consent of the Secretary or other than in the course of their duties under this Act, publish or disclose to an unauthorized person, the contents of any document or communication or any other information that relates to any matter under this Act whether or not the same has come to that person's knowledge in the course of his duties under this Act.

(2) Any person who contravenes the provisions of sub-section (1) shall be liable to pay fine, not exceeding three hundred thousand Rupees and such other penalties as may be prescribed, including termination of appointment.

21. **Schedule.** — (1) There shall be a schedule to this Act containing a list of Government Agencies, other entities and subjects exempted from the provisions of this Act relating to regulatory reform under section 4.

(2) The Federal Government may, by notification in the Official Gazette, amend the Schedule by adding, omitting, amending or substituting entries thereof.

22. **Indemnity.** — No suit, prosecution or other legal proceedings shall lie against any person for anything done or intended to be done in his official capacity and in good faith under this Act or the rules, notifications, instructions or directions made or issued thereunder.

23. **Power to make rules.** — The Federal Government may, by notification in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Act.

24. **Power to make regulations.** — Subject to the provisions of this Act and the Rules made hereunder, the Secretary may, by notification in the Official Gazette, make regulations for performance of functions by the Unit under this Act.

25. **Removal of difficulties.** — If a difficulty arises in giving effect to a provision of this Act, the Federal Government may, within two years of the commencement of this Act, make such order as is not inconsistent with the provisions of this Act and as it considers necessary for removal of the difficulty.

**SCHEDULE**

[see sections 4(g) and 21(1 & 2)]

**EXEMPTIONS**

----------------

## STATEMENT OF THE OBJECT AND REASONS

To operate in Pakistan, businesses need to comply with requirements of government department/ organization, which have prescribed multiple Registrations, Licenses and Permits for establishing and operating such businesses. Many of these regulations are outdated and envisage cumbersome processing in a manual environmental. Over a period, new regulations have been added without assessing their impact and removing old ones, which has increased the burden on businesses in terms of extra cost, time and complexity.

2. Moreover, the regulatory environment in Pakistan has never been mapped hence the number and types of regulations governing business activities conducted in different sectors of the economy remain invisible and uncertain. This is creating barriers to entry and adversely impacting efforts to attract investment, promote industrialization and enhance exports.

3. The proposed Bill provides a legal mandate for establishing a registry to map regulations prescribed by Government departments and then empirically assess the need of these regulations through global best practices necessary to attract, realize and retain investments with an aim to eliminate unnecessary regulations, simplify and automate cumbersome procedures. The modernized regulatory requirements will then be integrated through a Pakistan Business Portal which will be a National One Window for identification and issuance of all Government registrations, licences, certification and other permits. The implementation of this initiative will have several benefits for the economy, including increased investment, job creation, and economic growth. It will also help improve Pakistan's competitiveness in the global market and attract foreign investors who are looking for a stable and predictable regulatory environment.

**(Qaiser Ahmed Sheikh)**
**Federal Minister for Board of Investment**

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

# پیچیدہ انضباطی تقاضوں کو ختم کرنے اور پاکستان انضباطی رجسٹری اور پاکستان کاروباری پورٹل کے قیام کے ذریعے کاروباری قابل اطلاق انضباطی نظام میں اصلاحات فراہم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ جدید، سادہ اور شفاف انضباطی نظام کے لیے بنیادی قانونی ڈھانچہ فراہم کرنا اور دشوار طریقہ کار اور شرائط کو ختم کرنا قرین مصلحت ہے۔

اور ہرگاہ کہ، انضباطی اصلاحات کے ضمن میں بین الاقوامی ذمے داریوں کی تعمیل کرنا مناسب ہے؛

اور ہرگاہ کہ، پاکستان انضباطی رجسٹری اور پاکستان کاروباری پورٹل کے قیام اور ان سے منسلکہ اور ذیلی امور کے لیے انتظام کرنا قرین مصلحت ہے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا گیا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ، آسان کاروبار ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ کل پاکستان پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات:۔** اس ایکٹ میں، تاوقتیکہ کوئی امر اس کے موضوع یا سیاق و سباق کے منافی نہ ہو؛۔

(الف) ''بی او آئی'' سے سرمایہ کاری بورڈ آرڈیننس، ۲۰۰۱ء (نمبر ۱۵ مجریہ ۲۰۰۱ء) کے تحت قائم کردہ سرمایہ کاری بورڈ مراد ہے؛

(ب) ''بار'' سے حسب ذیل میں سے کوئی یا تمام مراد ہیں:۔

(اوّل) مالی لاگت، اس میں تعمیل، وقت اور انتظامی اخراجات شامل ہیں؛ یا

(دوم) دفعہ ۱۳ کے تحت کابینہ کے حتمی فیصلے کی رُو سے طے شدہ شرائط عمل اور طریقہ کار، جو کہ انتظامی زحمت، بے یقینی، تاخیر اور صارفین کو بری طرح متاثر کرنے کا موجب بنتے ہیں؛

(ج) ''کاروبار'' اس میں کوئی بھی قانونی کاروبار، تجارت پیشہ یا روزگار شامل ہے خواہ وہ تشکیل شدہ یا رجسٹرڈ ہوں یا نہ ہوں؛

(د) ''کابینہ کمیٹی'' سے کابینہ کمیٹی برائے انضباطی اصلاحات (CCoRR) ہے جسے وزیراعظم نے اعلامیہ نمبر F.5/25/2024.com بتاریخ ۱۸ ستمبر، ۲۰۲۴ء کی رو سے تشکیل دیا ہے یا اس ایکٹ کے تحت کارہائے منصبی کی تعمیل کے لیے وزیراعظم کی جانب سے نامزد کردہ کابینہ کی کوئی دیگر کابینہ کمیٹی مراد ہے؛

(ہ) ''الیکٹرانک دستاویز'' میں دستاویزات، ریکارڈ، معلومات، مواصلات، ادائیگیاں، یا الیکٹرانک ہیئت میں کاروباری لین دین شامل ہے؛

(و) ''حکومتی ادارے'' سے۔

(اول) کوئی وزارت، ڈویژن، محکمہ، یا وفاقی حکومت کا ماتحت ادارہ؛

(دوم) کوئی اتھارٹی، ایجنسی، ادارہ، یا دیگر تنظیم یا ہیئت جو وفاقی قانون کی رو سے یا اس کے تحت قائم کیا گیا ہو یا وفاقی حکومت کے بلاواسطہ یا بلواسطہ زیر انتظام میں ہو؛ اور

(سوم) کوئی اتھارٹی، ایجنسی، ادارہ، کاروبار یا دیگر تنظیم یا ہیئت جو وفاقی قانون کے ماتحت ہو یا وفاقی دارالحکومت کے علاقے میں امور انجام دیتی ہو، مراد ہے؛

جو کہ کسی بھی قانون کے طریقہ کار کے اطلاق یا اس کو نافذ کرنے، یا کسی بھی آر ایل سی او کے اجراء، اس کا انتظام یا اس کے اطلاق کرنے کا ذمے دار ہے یا ہو سکتا ہو۔

(ز) ''پورٹل'' سے دفعہ ۱۶ کے تحت قائم کردہ پاکستان کاروباری پورٹل مراد ہے؛

(ح) ''مقرر کردہ'' سے اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ، جیسی بھی صورت ہو، قواعد یا ضوابط کی رو سے، مقرر کردہ مراد ہے؛

(ط) ''رجسٹری'' سے دفعہ ۷ کے تحت قائم کردہ پاکستان انضباطی رجسٹری مراد ہے؛

(ی) ''انضباطی تشخیص اثرات (RIA) ٹول و رہنما خطوط'' یا ''آر آئی اے'' سے بی او آئی کی طرف سے منظور کردہ ثبوت پر مبنی نقطہ نظر ہے تا کہ پالیسی کے اختیارات اور حکومتی ایجنسی کے پالیسی فیصلوں کی حمایت کے لیے اقدامات کے نتائج کا تنقیدی جائزہ لیا جا سکے،

CS CamScanner

مراد ہے؛

(ک) ''انضباطی انصرامی نظام'' یا ''آر ایم ایس'' سے پالیسیوں، طریقہ کار، عمل، آئی ٹی سسٹمز اور ٹولز کا مجموعہ مراد ہے جو حکومتی اداروں کے بہتر میعاد کے انضباطی اور دیگر پالیسی افعال کے حصول اور ان کو برقرار رکھنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

(ل) ''آر ایل سی او'' سے کوئی بھی قواعد، لائسنس، سرکلر، احکامات، ضوابط، ایس آر اوایس، ضمنی قوانین، اعلامیے، سرٹیفکیٹس، دفتری یاداشتیں، اجازت نامے، ہدایات، فارمز، مجاز نامے، حکم نامے، قراردادیں یا دیگر دستاویزات جو کسی حکومتی ادارے کی جانب سے انضباطی عمل اور کارہائے منصبی کے ساتھ مرتب، جاری یا لاگو کیے گئے ہوں، اور اس میں ایسے دیگر دستاویزات شامل ہیں جن کو وفاقی حکومت کی جانب سے مشتہر کیا جاسکتا ہو، مراد ہیں؛

(م) ''جدول'' سے اس ایکٹ کا جدول مراد ہے؛

(ن) ''سیکرٹری'' سے سیکرٹری، سرمایہ کاری بورڈ مراد ہے؛

(س) ''سسٹم'' سے تخلیق کرنے، مرتب کرنے، ارسال کرنے، وصول کرنے، محفوظ کرنے، ازسرنو وضع کرنا، پیش کرنے، ریکارڈ کرنے یا پروسینگ معلومات کے لیے الیکٹرانک سسٹم مراد ہے؛ اور

(ع) ''یونٹ'' سے دفعہ ۵ کے تحت قائم کردہ آسان کاروبار تکنیکی یونٹ مراد ہے؛

۳۔ **اطلاق اور غالب اثر:۔** فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون میں شامل کسی بھی امر کے باوجود، اس ایکٹ کے احکامات، اس میں شامل معاملات کے ضمن میں لاگو ہوں، اس میں بی او آئی، سرکاری ادارے، اور کابینہ کمیٹی کے اختیارات اور کارہائے منصبی شامل ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں ہوں گے۔

۴۔ **بعض احکامات کا اطلاق نہیں ہوگا:۔** انضباطی اصلاحات سے متعلق اس ایکٹ کے احکامات کا حسب ذیل پر اطلاق نہیں ہوگا۔

(الف) آئین اسلامی جمہوریہ پاکستان ۱۹۷۳ء کی رو سے یا اس کے تحت بنائے گئے یا موجود دفاتر، ہیئتیں یا ادارے؛

(ب) آئین یا قانون کی رو سے بنائے گئے سپریم کورٹ پاکستان، ہائی کورٹس، شریعت کورٹ اور تمام دیگر عدالتیں؛

(ج) فوجداری قانون، فوجداری طریقہ کار پولیس و دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے، جن میں ان سے متعلق طریقہ کار اور انضباطی معاملات شامل نہیں ہیں؛

(د) محصولات کا اطلاق اور وصولی جس میں اس سے متعلق طریقہ کار اور انضباطی معاملات شامل نہیں ہیں؛

(ہ) خارجہ تعلقات و خارجہ پالیسی، اس میں معاملات طریقہ کار یا تجارت کے ضابطے سے متعلق معاملات شامل نہیں؛

(و) قومی سلامتی، کلیدی تنصیبات اور مسلح افواج اور دفاع پاکستان سے متعلق معاملات؛ اور

(ز) جدول میں شامل کوئی دیگر ادارہ یا شئے۔

**۵۔ آسان کاروبار ٹکنیکی یونٹ:۔** (۱) اس ایکٹ کے نافذ ہونے کے تیس ایام کے اندر، سیکرٹری آسان کاروبار تکنیکی یونٹ قائم کرے گا۔

(۲) سیکرٹری ایسی شرائط و قیود پر جیسا کہ مقرر کردی گئی ہوں، یونٹ کے سربراہ کی جو بی پی ایس۔۲۰ یا اس سے بالا کا وفاقی حکومت کا افسر، یا نجی شعبے تعلق رکھنے والا شخص ہوگا، کی تقرری کرے گا۔

(۳) یونٹ کے کارہائے منصبی کی انجام دہی کے لیے سربراہ سیکرٹری کی منظوری سے وفاقی حکومت یا نجی شعبے سے ایسے افراد بشمول ٹیکنکل ماہرین کے جیسا کہ مطلوب ہوں ایسی قیود و شرائط پر ایسے طریقہ کار میں جیسا کہ صراحت کیا جائے تقرر کر سکے گا۔

**۶۔ آسان کاروبار ٹیکنکل یونٹ کے کارہائے منصبی اور اختیارات:۔** (۱) ذیلی دفعہ (۲) سے مشروط یونٹ:۔

(الف) اس ایکٹ کے تحت انضباطی اصلاحات کے طریق عمل پر نظر رکھے گی اور نگرانی کرے گی؛

(ب) متعلقہ قوانین اور آر ایل سی او ایس کو بیان کرنے فہرست، ترتیب دینے، اور خاکہ بندی بنانے کے لیے ایک آن لائن رجسٹری کو قائم کرے گی اور برقرار رکھے گی۔

(ج) کاروبار، تجارت اور سرمایہ کاری پر اثر انداز ہونے والے امور کے ضوابط سے متعلق قانون سازی کے لیے تجاویز پر نظر ثانی کرے گی اور ان کو کابینہ کے روبرو پیش کرنے سے قبل ان پر تبدیلیاں تجویز دے گی؛

(د) آر ایل سی اوایس کے اجراء یا اس میں ترامیم کے لیے تجاویز پر نظر ثانی کرے گی اور ان میں تبدیلیاں تجویز کرے گی؛

(ہ) سرکاری ایجنسیوں اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ قوانین اور پالیسیوں میں یکسانیت اور مطابقت پیدا کرنے کے لیے تعاون کرے گی جو پورے پاکستان میں سرمایہ کاری تجارت اور کاروبار کے معاملات پر اثر انداز ہوتی ہیں۔

(و) حکومتی ایجنسیوں سے تقاضا کرے گا، کہ ان کی نسبت لاگو تمام قوانین اور آر ایل سی اوایس، کی ایسی تفصیلات کے ساتھ جو اس کی جانب سے اس سلسلے میں جاری کردہ رہنما اصولوں سے موافق ہو، اور ایسی مدت کے اندر جیسا کہ وہ بیان کر سکتا ہے، رجسٹری میں مندرج ہو؛

(ز) سرکاری ایجنسیوں کو موجودہ قوانین اور آر ایل سی اوایس پر نظر ثانی کی ہدایت کریگی اور ان کو رد کے رکھنے، ترمیم کرنے یا اس کو منسوخ کرنے کی تجویز دے گی تاکہ وہ دفعہ ۸ میں بیان کردہ دائرہ کار سے موافق ہوں؛

(ح) سرکاری ایجنسیوں اور عوام الناس جیسی بھی صورت ہو سے موصول شدہ تجاویز پر قوانین اور آر ایل سی اوایس میں ترمیم کرنے منسوخ کرنے یا برقرار رکھنے کے لیے نظر ثانی کرے گی؛

(ی) اس ایکٹ کے تحت انضباطی اصلاحات کے طریق عمل کے دوران سرکاری ایجنسیوں کی جانب سے تعمیل کردہ انضباطی اختیار کو مضبوط کرنے کے لیے قوانین، اصول، معیارات اور رہنما اصول صراحت کریگی

(ط) ایسا طریقہ کار صرحت کریگی جس میں نئے قوانین اور آر ایل سی اوایس کا رجسٹری میں اندراج کیا جا سکے گا؛

(ک) چھوٹے اور درمیانی درجے کے کاروباری اداروں اور خواتین کاروباریوں کے لیے سرمایہ کاری کی رکاوٹوں کی نشاندہی کے لیے منجملہ دیگر امور کمیشن اسٹڈیز کا انعقاد اور ایسے

اقدامات کرنا جو اس ایکٹ کے تحت ریگولیٹری اصلاحات کے عمل کے ذریعے ایسی نشاندہی شدہ رکاوٹوں کو ختم کرنے کے لیے ضروری ہوں؛

(ل) اس ایکٹ کے مقاصد کو عمل میں لانے کے لیے وضاحتیں، اصلاحات، ہدایات، رہنما اصول، ایس او پیز (SOPs) اور دیگر دستاویزات جاری کرنا؛

(م) انضباطی اصلاحات کے عمل اور نفاذ کے لیے قومی اور بین الاقوامی دونوں سطح پر آگاہی مہمات، مارکیٹ انضباطی اصلاحات کے اقدامات اور شراکت داروں، حکومتی ایجنسیوں، سول سوسائٹی، تعلیمی ماہرین، ڈونر ایجنسیوں، ترقیاتی شراکت داروں کے ساتھ تعاون کرنا؛

(ن) حکومتی ایجنسیوں کے لیے اس ایکٹ کے تحت ان کے کارہائے منصبی کے لیے تربیت اور صلاحیت سازی کا انعقاد کرنا؛ اور

(س) دیگر ایسے کارہائے منصبی انجام دینا جو اس سے کابینہ کمیٹی یا وفاقی حکومت کی جانب سے تفویض کئے گئے ہوں اور ایسے اقدامات کرنا جیسا کہ اس ایکٹ کے تحت کارہائے منصبی کی انجام دہی کے لیے ضروری یا ضمنی ہوں۔

(۲) یونٹ کے کارہائے منصبی اور اختیارات یونٹ کے سربراہ کی جانب سے انجام دیئے جائیں گے جو ایسی شرائط اور حد بندیوں کے تابع جیسا کہ وہ تعین کرے دفعہ ۵ کی ذیلی دفعہ (۳) کے تحت تقرر کردہ شخص کو یہ تفویض کر سکے گا اور مذکورہ غرض کے لیے ان اشخاص میں سے کمیٹیاں تشکیل دے سکے گا۔

**۷۔ پاکستان ریگولیٹری رجسٹری کا قیام:۔** (۱) یونٹ ایک برقیاتی رجسٹری قائم کرے گی اور برقرار رکھے گی جو قوانین اور آر ایل سی او ایس کی فہرست سازی اور خاکہ بندی کے لیے پاکستان ریگولیٹری رجسٹری کہلائے گی۔

(۲) یونٹ مطلوبہ سافٹ ویئر، ہارڈ ویئر، سسٹم، کوڈز، ڈیٹا، بنیادی ڈھانچہ یا دیگر مواد کی رجسٹری کو چلانے اور مؤثر طور پر انتظام کرنے کے لیے خرید سکے گا اور اپنے مستقبل کی توسیع کے لیے اور مذکورہ سافٹ ویئر، سسٹم، کوڈز، ڈیٹا، بنیادی ڈھانچہ یا دیگر مواد، ہر وقت، قابل رسائی ہوگا اور یہ یونٹ کی ملکیت رہے گا۔

## ۸۔ قوانین اور آر ایل سی اوز کی نظر ثانی کے لیے دائرہ کار:۔

(۱) قوانین اور آر ایل سی اوز کی نظر ثانی ذیل کے تعین کے لیے عمل میں لائی جائے گی۔

(الف) آیا کہ قوانین اور آر ایل سی اوز ضروری ہیں اور اس ایکٹ کے اغراض نیز انضباطی کے قوانین بین الاقوامی سطح پر RMS، سمارٹ ضوابط خطرے کی بنیاد کے ضوابط یا پاکستان انضباطی اصول اور یونٹ کی جانب سے جاری کردہ قوانین عمل اور رہنما اصولوں کے موافق ہیں؛

(ب) قوانین اور آر ایل سی اوز کی تعمیل کے لیے کاروبار پر متوقع بوجھ؛

(ج) آیا قانون یا آر ایل سی اوز ترمیم یا تنسیخ کے ساتھ یا بغیر برقرار رکھا جائے گا۔

(۲) یونٹ چیک لسٹ یا دیگر ہدایات جاری کر سکے گا ذیلی دفعہ (۱) کی اصطلاح میں قوانین اور آر ایل سی اوز کی نظر ثانی کی غرض کے لیے پیروی کی جائے گی۔

## ۹۔ قوانین اور آر ایل سی اوز کا رجسٹری میں اندراج کرنا:۔

(۱) یونٹ سرکاری ایجنسیوں کو تمام قوانین اور آر ایل سی او ایس جو ان پر قابل اطلاق ہیں یا ان کی جانب سے انتظام کئے گئے ہوں نیز یونٹ کی جانب سے صراحت کردہ دیگر کسی بھی معلومات کے ایسے وقت کے اندر جیسا کہ یہ متعین کرے دستیاب رجسٹری میں ہونے کی ہدایت کرے گی۔

(۲) ہر ایک حکومتی ایجنسی ذیلی دفعہ (۱) اور اس ایکٹ کی دیگر شرائط کی تعمیل کو یقینی بنانے کی غرض سے یونٹ کے ساتھ تعاون کرنے کے لیے ایک نمائندہ نامزد کرے گی۔

(۳) ہر ایک حکومتی ایجنسی کا سربراہ جو بھی نام دیا جائے یونٹ کو یونٹ کی جانب سے بنائے گئے جدول میں اس واسطے ایک سرٹیفکیٹ جاری کرے گا کہ ذیلی دفعہ (۱) کی تعمیل کی گئی ہے۔

(۴) ذیلی دفعہ (۳) میں محولہ سرٹیفکیٹ کے اجارہ پر حکومتی ایجنسی کی جانب سے رجسٹری پر درج شدہ آر ایل سی اوز صرف نافذ شدہ آر ایل سی اوز سمجھا جائے گا اور مذکورہ حکومتی ایجنسی سے متعلق دیگر تمام آر ایل سی اوز غیر مؤثر سمجھے جائیں گے۔

CamScanner

**۱۰۔ عوامی آراء:۔** رجسٹری میں درج شدہ قوانین اور آر ایل سی اوز تک عوام کو رسائی حاصل ہوگی جو تیس دنوں سے کم نہیں ہوگی جن پر رجسٹری میں صراحت کردہ طریقہ کار میں خیالات کے لیے مدعو کیا جائے گا اور اس سلسلے میں عوامی آگاہی کو الیکٹرانک پرنٹ اور ڈیجیٹل میڈیا کے ذریعے اشاعت کے ذریعے یقینی بنایا جائے گا۔

**۱۱۔ سرکاری ایجنسیوں کی جانب سے نظر ثانی:۔** دفعہ ۱۰ میں محولہ میعاد کے اختتام پر اور ایسی میعاد کے اندر جیسا کہ یونٹ کی جانب سے متعین کیا جائے ہر ایک حکومتی ایجنسی اس سے متعلق قوانین اور آر ایل سی اوز پر دفعہ ۸ میں بیان کردہ دائرہ کار میں نظر ثانی کرے گی اور یونٹ کی ترامیم کے ساتھ یا بغیر ترمیمات کے ساتھ برقرار رکھنے یا مذکورہ قوانین اور آر ایل سی اوز کو منسوخ کرنے کی بابت تجاویز پیش کرے گی۔

**۱۲۔ آسان کاروبار ٹیکنکل یونٹ کی جانب سے نظر ثانی:۔** (۱) یونٹ قوانین آر ایل سی اوز اور دفعات ۹، ۱۰، اور ۱۱ کے تحت درج شدہ یا پیش کردہ تجاویز پر نظر ثانی کرے گی اور قانون یا آر ایل سی اوز کی بغیر تبدیلی ترمیم یا منسوخ کے برقرار رکھنے کا فیصلہ وضع کرے گی۔

(۲) یونٹ کی جانب سے منظور شدہ قوانین اور آر ایل سی او ایس بدستور نافذ العمل رہیں گے۔

(۳) ترمیم یا تنسیخ کے لیے یونٹ کی جانب سے منظور شدہ قوانین اور آر ایل سی او ایس کو یونٹ کے سربراہ کی جانب سے سیکرٹری کو کابینہ کمیٹی میں پیش کرنے کے لیے ارسال کیا جائے گا۔

**۱۳۔ کابینہ کا فیصلہ:۔** (۱) کابینہ کمیٹی قوانین اور آر ایل سی او ایس سے متعلق تجاویز پر غور کرے گی

(۲) وزیر انچارج جس کی وزارت یا ڈویژن کے سلسلے میں اصلاح یونٹ کی جانب سے تجویز کی گئی ہو یا جو ایسی اصلاح یا اس کے کسی بھی حصے میں مخالف حیثیت رکھتا ہو تو کابینہ کمیٹی کے سامنے اپنی حیثیت کا جواز پیش کرنے کے لیے مدعو کیا جائے گا۔

(۳) کابینہ کمیٹی وزیر انچارج کی جانب سے مجوزہ اصلاح اور مخالفت، اگر کوئی ہو، پر غور کرے گی، اور ایسی شرائط میں فیصلہ کرنے کے لیے کارروائی کا آغاز کرے گی جیسا کہ وہ مناسب سمجھے اور اسے منظوری کے لیے کابینہ کو ارسال کرے گی۔

CS CamScanner

**۱۴۔ قوانین اور آر ایل سی اوایس کی تنسیخ اور ترمیم:۔** (۱) دفعہ ۱۳ کی ذیلی دفعہ (۳) کے تحت کابینہ کی جانب سے منظور شدہ قوانین میں ترمیم یا اس کی تنسیخ کے لیے تجاویز مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) کو قانون سازی کے لیے ارسال کی جائے گی۔

(۲) کسی بھی دیگر قانون میں شامل کسی امر کے باوصف، آر ایل سی اوایس میں ترامیم یا اس کی تنسیخ جیسا کہ دفعہ ۱۳ کی ذیلی دفعہ (۳) کے تحت کابینہ کی جانب سے منظور کیا گیا ہو سرکاری جریدے میں مشتہر کیا جائے گا اور مذکورہ اعلامیے پر فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

**۱۵۔ انضباطی اصلاح کے مراحل:۔** (۱) دفعات ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، اور ۱۴ کے تحت انضباطی اصلاح کا عمل مراحل میں انجام دیا جائے گا، اور دفعہ ۱۲ کی ذیلی دفعہ (۳) کے تحت یونٹ کی جانب سے وضع کردہ ترمیم یا تنسیخ کے لیے تجاویز علیحدہ علیحدہ یا ایک خلاصہ کی شکل میں کابینہ کمیٹی کو پیش کی جا سکیں گی۔

(۲) یونٹ اس امر کو یقینی بنائے گا کہ نافذ العمل تمام قوانین اور آر ایل سی اوایس رجسٹری پر ظاہر ہوں اور یہ کہ رجسٹری کو تازہ ترین رکھا جائے اور عوام الناس کے لیے قابل رسائی ہو اس وقت تک کہ اس کا کنٹرول ذیلی دفعہ (۳) کے تحت منتقل نہ ہو جائے۔

(۳) رجسٹری کا کنٹرول اور انتظام وفاقی حکومت کی ایسی وزارت یا ڈویژن کو منتقل کیا جائے گا جیسا اور جب یونٹ صراحت کرے، اس کے بعد مذکورہ وزارت یا ڈویژن اس امر کو یقینی بنائے گا کہ، رجسٹری ایسے وقت کے اندر، پاکستان میں نافذ العمل تمام قوانین اور آر ایل سی اوایس کا مجموعہ مکمل اور تازہ ترین بنائے۔

(۴) وفاقی حکومت تاریخ متعین کر سکے گی، جس کے بعد، حکومتی ایجنسی اسے کابینہ یا مجاز اتھارٹی کو جاری کرنے، ترمیم کرنے یا اسے منسوخ کرنے کے لیے پیش کرنے سے قبل دفعہ ۸ میں بیان کردہ حدود کے مفہوم میں اس کی نظر ثانی کے لیے نئے قانون یا آر ایل سی اوایس میں ترمیم کرنے یا اس کی اشاعت کرنے کے لیے تجاویز، تسلسل میں یونٹ کو ارسال کرے گا۔

**۱۶۔ پاکستان کاروباری پورٹل:۔** اس ایکٹ کے نافذ العمل ہونے کے دو سال کے اندر، وفاقی حکومت، سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے، ایک آن لائن پورٹل قائم کرے گی جسے پاکستان کاروباری پورٹل کے نام سے جانا جائے گا جو بی او آئی (BOI) کی جانب سے چلایا اور قائم کیا جائے گا۔

CamScanner

(۲) پورٹل انضباطی مقتضیات سے متعلق معلومات تک رسائی کے لیے ون ونڈو سہولت فراہم کرے گا اور مذکورہ مقتضیات اور اس سے متعلقہ اُمور کی تعمیل میں بھی سہولت فراہم کرے گا۔

(۳) سابقہ ذیلی دفعہ کی عمومیت کو مضرت پہنچائے بغیر، پورٹل:۔

(الف) رجسٹریشن، لائسنسز، سرٹیفکیٹس، اجازت ناموں، منظوریوں اور اجازتوں کے لیے درخواستوں یا دستاویزات جمع کرانے اور عمل کاری کے قابل بنانے کے لیے ضروری سہولیات فراہم کرے گا؛

(ب) فیسیں، محصولات، ضربیات، ٹیکسز اور دیگر مصارف کی آن لائن ادائیگی اور اس کی رسیدوں کے اجرا کے لیے طریقہ کار (میکانزم) فراہم کرے گا؛

(ج) آن لائن رجسٹریشنز، لائسنسز، سرٹیفکیٹس، اجازت نامے، منظوریاں اور اجازتیں جاری کرے گا؛ اور

(د) مذکورہ بالا کو کوئی بھی ضمنی دیگر خدمت فراہم کرے گا یا جو تجویز کی گئی ہو۔

(۴) پورٹل ملک کی واحد ون ونڈو سہولت ہوگی اور تمام دیگر ایسی سہولیات، خواہ قائم ہوں، وفاقی حکومت کی جانب سے مشتہر کیے جانے کی مدت کے اندر پورٹل کے ساتھ مربوط ہو جائیں گی:

مگر شرط یہ ہے کہ کسی صوبے کی جانب سے تخلیق کردہ ون ونڈو متعلقہ صوبائی حکومت کے اتفاق رائے کے تابع پورٹل کے ساتھ مربوط ہو سکے گی۔

(۵) کسی بھی شخص کی جانب سے، یا حکومتی ایجنسی، تنظیم یا محکمے کے مجاز کردہ افسر کی جانب سے، مطلوبہ، سپرد کردہ یا فراہم کردہ معلومات، استقرار، دستاویز یا ریکارڈ، لین دین، اکاؤنٹس، پیشکش یا پیشکش کی قبولیت، نوٹس، حکم، ادائیگی، تصدیق، اجازت یا معلومات کا کوئی بھی الیکٹرانک تبادلہ قانون کی مطابقت میں، مطلوبہ، سپرد کردہ یا فراہم کردہ سمجھا جائے گا۔

جب پورٹل یا اس کے الائیڈ نظام کے ذریعے الیکٹرانک طور پر مطلع کیا گیا ہو اور کسی بھی عدالت، ٹربیونل، عدالتی یا نیم عدالتی ہیئت یا انکوائری کمیشن میں بطور شہادت قابل قبول ہوگا۔

(٦) وفاقی حکومت اسلوب اور طریقہ کار مقرر کر سکے گی جس میں حکومتی ایجنسی کسی بھی غرض بشمول آڈٹ کے لیے پورٹل سے دستاویزات، ریکارڈز یا ترسیل کا تقاضا کر سکے گی، اور اپنے احاطے، کمپیوٹر سسٹم یا کسی بھی دیگر سسٹم

CamScanner

میں جہاں ڈیٹا ذخیرہ، ریکارڈ یا برقرار رکھا گیا ہو رسائی کی اجازت دے سکے۔

(۷) کوئی بھی قانون جس میں تخلیق کردہ، برقرار رکھی گئی، توثیق کردہ، مثنیٰ شدہ، جمع شدہ، سپرد کردہ، مصدقہ، مجاز کردہ، ارسال کردہ، وصول کردہ، ذخیرہ کردہ، عمل کاری شدہ، منظور کردہ یا تصدیق کردہ دستاویزات کا تقاضا کر رہا ہو تو اس کے ساتھ تعمیل شدہ متصور ہو گا اگر مذکورہ دستاویزات پورٹل سے الیکٹرانک شکل میں دستیاب اور باز یافت ہوں گی۔

(۸) الیکٹرانک ٹرانزیکشنز آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (۵۱ مجریہ ۲۰۰۲ء) اور الیکٹرانک جرائم کے تدارک ایکٹ، ۲۰۱۶ء (۴۰ بابت ۲۰۱۶ء) کے احکامات، اس حد تک کہ اس ایکٹ کے احکامات سے متناقص نہ ہوں تو، مناسب تبدیلیوں کے ساتھ دستاویزات الیکٹرانک پیش کرنے، ڈیٹا قائم رکھنے یا ذخیرہ رکھنے، حقوق تصنیف، قانونی شناخت اور قیاس، سرٹیفکیشن، توثیق، رجسٹریشن، جرائم اور دیگر معاملات پر لاگو ہو گا، جتنا کہ وہ اس ایکٹ کے تحت آپریشنز اور، اس کی غرض سے متعلق ہوں۔

(۹) کسی بھی معاملے کی نسبت کسی بھی قانون کے تحت دی گئی یا جاری کی گئی مطلوبہ اختیار نامہ یا منظوری جو اس ایکٹ سے متعلق ہو، جب پورٹل کے ذریعے الیکٹرانک طور پر جاری کی گئی ہو تو، قانونی طور پر جاری کردہ متصور ہو گی۔

(۱۰) تمام حکومتی ایجنسیاں پورٹل قائم کرنے کی اغراض اور اس کے کار منصبی کے لیے بی او آئی (BOI) کی مدد میں کام کریں گی۔

(۱۱) بی او آئی (BOI) پورٹل کے ذریعے فراہم کردہ خدمات کے لیے فیسیں اور مصارف مقرر کرے گی۔

۱۷۔ **فنڈز کے ذرائع:۔** (۱) وفاقی حکومت اس ایکٹ کی اغراض کی بجا آوری بشمول یونٹ، رجسٹری اور پورٹل کے قیام، کار منصبی، اور توسیع کے لیے مالیاتی وسائل اور فنڈز فراہم کرے گی۔

(۲) بی او آئی (BOI) اور یونٹ حسب ذیل ذرائع کے ذریعے اس ایکٹ کی اغراض کی بجا آوری کے لیے درخواست اور فنڈز کا انتظام کر سکے گی:

(الف) گرانٹس اور ادھار لی گئی رقم؛

(ب) رقوم یا جائیداد جو ان کے اختیارات استعمال اور ان کے کارہائے منصبی کی انجام دہی کے لیے ضمنی کسی بھی معاملے کی نسبت ان میں تفویض یا واجب الادا ہو سکتی ہوں؛

(ج) اس ایکٹ کے تحت فیسیں اور خدمتی مصارف کی وصولی سے پیدا ہونے والی آمدنی؛

(د) سرمایہ کاریوں، اشیاء کی فروخت اور خدمات سے پیدا ہونے والی آمدن؛ اور

(ہ) کوئی بھی دیگر ذرائع، جن کی وفاقی حکومت منظوری دے۔

**۱۸۔ بجٹ اور اکاؤنٹس:۔** (۱) ہر ایک مالیاتی سال کی نسبت، ایسی تاریخ سے جیسا کہ خزانہ ڈویژن مختص کرے، BOI اور یونٹ، مذکورہ ڈویژن کی وساطت سے، وفاقی حکومت کی منظوری کے لیے، ایک گوشوارہ پیش کرے گی جس میں بالترتیب ان کے تخمینہ کردہ وصولیاں اور اخراجات کا اظہار ہو، اور رقوم جو کہ اگلے مالیاتی سال میں وفاقی حکومت سے درکار ہیں، اور BOI اور یونٹ کے اکاؤنٹس ایسی صورت میں اور ایسے اصولوں اور طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں رکھے جائیں گے، جیسا کہ آڈیٹر جنرل پاکستان تعین کر سکے گا۔

(۲) اس ایکٹ کی اغراض کی بجا آوری کے لیے، سرکاری مالیاتی انصرام ایکٹ، ۲۰۱۹ء، کے تابع، BOI اور یونٹ بینک دولت پاکستان یا پاکستان میں کسی بھی جدولی بینک کے پاس اکاؤنٹس کھول سکتے ہیں۔

(۳) اس ایکٹ کے تحت تمام اکاؤنٹس کا آڈٹ ہر ایک مالیاتی سال کے اختتام پر آڈیٹر جنرل پاکستان کی جانب سے کیا جائے گا۔

**۱۹۔ معاونت:۔** تمام حکومتی ایجنسیاں BOI اور یونٹ کو اس ایکٹ کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے مدد اور معاونت فراہم کریں گی۔

**۲۰۔ غیر مجاز اشخاص کو معلومات کے انکشاف یا اشاعت پر پابندی:۔** (۱) کوئی بھی شخص، سیکرٹری کی رضامندی کے بغیر یا علاوہ ازیں اس ایکٹ کے تحت اپنے فرائض کی ادائیگی میں، کسی بھی غیر مجاز شخص کو کسی بھی دستاویز یا کمیونیکیشن یا کسی بھی دیگر معلومات کی جزئیات جو اس ایکٹ کے کسی بھی معاملے سے متعلقہ ہوں، منکشف یا شائع نہیں کرے گا، خواہ وہ اس شخص کے علم میں اس ایکٹ کے تحت فرائض کی انجام دہی میں آئی یا نہ آئی ہوں۔

(۲) کوئی بھی شخص جو ذیلی دفعہ (۱) کے احکامات کی خلاف ورزی کرے گا، تو تین سو ہزار روپے تک جرمانے کی ادائیگی کا اور ایسی دیگر تعزیر کا مستوجب ہوگا جیسا کہ صراحت کی جا سکتی ہے، جس میں نوکری سے برخاست کرنا شامل ہے۔

**۲۱۔ شیڈول:۔** (۱) اس ایکٹ کے ساتھ حکومتی ایجنسیوں اور دیگر ہیتو کی فہرست ہوگی اور اس ایکٹ

CamScanner

کے احکامات سے مستثنا کردہ موضوعات جو دفعہ ۴ کے تحت انضباطی اصلاحات سے متعلقہ ہیں کا ایک شیڈول ہوگا۔

(۲) وفاقی حکومت، سرکاری جریدے میں اعلامیہ کے ذریعے شیڈول کے مندرجات میں اضافہ کر کے، حذف کر کے، ترمیم کر کے یا تبدیل کر کے ترمیم کر سکتی ہے۔

۲۲۔ **برأت:۔** اس ایکٹ یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد، اعلامیہ، ہدایات یا احکامات کے تحت نیک نیتی سے سرکاری حیثیت میں کیے گئے کسی بھی کام یا جس کے کرنے کا ارادہ ہو، پر کسی بھی شخص کے خلاف کوئی مقدمہ، استغاثہ یا دیگر قانونی کارروائیاں نہ ہوں گی۔

۲۳۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار:۔** اس ایکٹ کے اغراض کی بجا آوری کے لیے وفاقی حکومت، سرکاری جریدے میں اعلامیہ کے ذریعے، قواعد وضع کر سکتی ہے۔

۲۴۔ **ضوابط وضع کرنے کا اختیار:۔** اس ایکٹ اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد کے احکامات کے تابع، سیکرٹری، سرکاری جریدے میں اعلامیہ کے ذریعے اس ایکٹ کے تحت یونٹ کے کارہائے منصبی کی ادائیگی کے لیے ضوابط وضع کر سکتا ہے۔

۲۵۔ **ازالہ مشکلات:۔** اگر اس ایکٹ کے حکم کو موثر کرنے میں کوئی مشکل در پیش ہو تو، وفاقی حکومت، اس ایکٹ کے آغاز نفاذ کے دو سال کے اندر، ایسا حکم جاری کر سکتی ہے جو اس ایکٹ کے احکامات سے متناقض نہ ہو اور اسے جو ازالہ مشکلات کے لیے ضروری معلوم ہو۔

**شیڈول**

**دیکھیے دفعات (۴) ز اور ۲۱ (۱ اور ۲)**

**استثنیات**

# بیان اغراض و وجوہ

پاکستان میں کاروبار چلانے کے لیے، حکومتی محکموں رآرگنائزیشن کے مقتضیات کی تعمیل ضروری ہے، جس میں ایسے کاروباروں کو قائم کرنے اور چلانے کے لیے متعدد چیزیں تجویز کی گئی ہیں جن میں رجسٹریشن، لائسنسز اور اجازت نامے شامل ہیں۔ ان میں سے بہت سے ضوابط فرسودہ ہو چکے ہیں جو مینوئیل ماحول میں باعث زحمت ہے۔ وقت کے ساتھ ساتھ، نئے ضوابط کا ان کے اثرات کو جانچے بغیر اضافہ کیا گیا اور پرانوں کو ختم کیا گیا، جس نے کاروبار پر اضافی لاگت، وقت اور پیچیدگیوں کی صورت میں بوجھ بڑھا دیا۔

۲۔ مزید برآں، ضابطہ جاتی ماحول کا نقش بنایا ہی نہیں گیا، لہذا کاروباری سرگرمیوں کو چلانے کے لیے ضوابط کی تعداد اور اقسام جو معیشت کے مختلف شعبہ جات میں ہیں غیر یقینی اور ناقابل دید رہیں۔ یہ آنے والوں کے لیے رکاوٹ کا باعث بنیں اور سرمایہ کاری کو راغب کرنے، صنعت کو فروغ دینے اور برآمدات کو فروغ دینے کی کوششوں پر منفی اثرات مرتب کیے۔

۳۔ مجوزہ بل متعلقہ رجسٹری کے قیام کے لیے قانونی مینڈیٹ فراہم کرے گا تاکہ حکومتی محکموں کی طرف سے صراحت کردہ ضوابط کا خاکہ بنایا جا سکے اور پھر دنیا میں رائج بہترین طریق عمل کے ذریعے ان ضوابط کی ضرورت کی جانچ کی جائے جو سرمایہ کاریوں کو راغب کرنے، حقیقت آفرین بنانے اور اسے برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہیں۔ اس مقصد کے ساتھ کہ غیر ضروری ضوابط کو ختم، سادہ اور بے ہنگم طریقہ کار کو جدید بنایا جا سکے۔ جدید انضباطی ضرورتوں کو پاکستان کاروباری پورٹل کے ذریعے مربوط کیا جائے گا جو کہ تمام حکومتی رجسٹریشن، لائسنسوں، سرٹیفکیشن اور دیگر اجازت ناموں کی شناخت اور اجراء کے لیے قومی ون ونڈو ہو گی۔

اس قدم کے اطلاق سے معیشت کو بہت فائدہ ہو گا جس سرمایہ کاری کا بڑھنا، ملازمتوں کا پیدا ہونا، اور اقتصادیات کی نشوونما شامل ہے۔ یہ عالمی مارکیٹ میں پاکستان کی مسابقتی بہتری کے لیے مددگار ہو گی اور بیرونی سرمایہ کاروں کو راغب کرے گی جو کہ مستحکم اور قابل بھروسہ انضباطی ماحول کے متلاشی ہیں۔

(قیصر احمد شیخ)

وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ

CamScanner